نیوز ریلیز

کووِڈ-19 ویکسین کیو آر کوڈز (QR codes) کو اسکین کرنے کیلئے ایپ اب دستیاب ہے

12 اکتوبر، 2021ء

کیو آر کوڈ کے ساتھ حفاظتی ٹیکوں کے ثبوت چیک کرنے کیلئے حکومت کی سپورٹ کردہ تصدیق کرنے کی ایپ اب ڈاؤن لوڈ کیلئے دستیاب ہے۔

کاروبار اور تنظیمیں اپنے پُشت پناہوں کی ویکسینیشن کے اسٹیٹس کی جلدی اور آسانی سے تصدیق کیلئے مُفت اے بی کووِڈ ریکارڈز ویریفائر ایپ کا استعمال شروع کر سکتی ہیں۔ اے بی کووِڈ ریکارڈز ویریفائر ایپ متعلقہ ایپ اسٹورز کے ذریعے ایپل اور اینڈرائڈ ڈیوائسز پر ڈاؤن لوڈ کیلئے دستیاب ہے۔

البرٹنز اپنا بہتر ویکسین ریکارڈ کیو آر کوڈ کے ساتھ آن لائن alberta.ca/CovidRecords پر بغیر اکاؤنٹ بنائے حاصل کر سکتے ہیں۔

جب ایک کارآمد کیو آر کوڈ اسکین کیا جاتا ہے، تو ایک سبز چَیک مارک حفاظتی ٹیکے لگنے کے ثبوت کی تصدیق کرے گا۔ یہ فرد کا نام اور تاریخ پیدائش بھی ظاہر کرے گا، جو کاروباری اداروں سے کہا جاتا ہے کہ وہ دوسری شناخت کے مقابلے میں چیک کریں۔ یہ ایپ کسی بھی ذاتی معلومات کو ذخیرہ نہیں کرتی اور ڈاؤن لوڈ کئے جانے کے بعد اسے چلانے کیلئے انٹرنیٹ کنیکشن کی ضرورت نہیں ہوتی۔

کیو آر کوڈ میں ایک محفوظ ڈیجیٹل سِگنیچر ہوتا ہے جو اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ یہ البرٹا ہیلتھ نے فراہم کیا ہے اور اس میں جعل سازی کرنا نہایت مشکل ہے۔ اسی ٹیکنالوجی کو بینکنگ کے نظام اور دیگر صنعتوں میں محفوظ لین دین کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اگر کوئی فرد پابندیوں سے مستثنٰی پروگرام میں دی گئی ویکسینیشن کی ضروریات کو پورا نہیں کرتا یا اگر کیو آر کوڈ کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کی گئی ہے، تو اسکین کرنے پر ریکارڈ غلط ظاہر ہوگا۔

البرٹنز مقامی رجسٹری ایجنٹ آفس سے کیو آر کوڈ کے ساتھ یا بغیر کسی قیمت کے 811 پر کال کر کے ویکسینیشن کے پرنٹ شدہ ثبوت کی درخواست کر سکتے ہیں۔ ویکسینیشن کے ثبوتوں کی دیگر اقسام 15 نومبر تک قبول کی جاتی رہیں گی، بشمول ویکسین فراہم کرنے والوں کی طرف سے ویکسین لگنے کے کاغذی ریکارڈز یا اسکرین شاٹ، یا alberta.ca/CovidRecords اور MyHealthRecords سے پرنٹ شدہ ریکارڈز۔

متعلقہ معلومات

Alberta.ca/CovidRecords

Alberta.ca/Vaccine

COVID-19 public health actions

COVID-19 information

میڈیا انکوائریز

اسٹیو بیوئیک (Steve Buick)
780-288-1735
سینئر پریس سیکریٹری، ہیلتھ

Alberta

فوری حقائق

- کاروباروں سے کہا جاتا ہے کہ وہ کسی بھی قسم کے ویکسینیشن کے ثبوت کیلئے 18 سال اور اس سے زائد عمر کے بالغ افراد کیلئے ویکسین کے ریکارڈ سے مطابقت رکھنے والی ایک کارآمد شناخت چیک کریں۔
- کیوآرکوڈز کو سوشل میڈیا پر شیئر نہیں کیا جانا چاہئے کیونکہ اسکین کرنے پر وہ ویکسینیشن کے ثبوت کی تصدیق کے علاوہ، تاریخ پیدائش اور پورا نام ظاہر کرتے ہیں۔ کیوآرکوڈ کسی بھی دوسری صحت کی یا ذاتی معلومات سے منسلک نہیں ہے۔
- جعلی ویکسینیشن ریکارڈ تیار کرنا یا استعمال کرنا ایک جرم ہے جو پہلی بار جرم پر مقدمہ اور/ یا 100,000 ڈالر تک جرمانہ ہے۔
- اگر آپ کے فون سے کیوآرکوڈ اسکین کرنے میں مشکلات درپیش ہوں، تو کوڈ کو زوم ان کریں اور روشنی کو بڑھا لیں۔ اگر پرنٹنگ کا سائز کم ہوگیا ہو یا کاغذی نقل پر جُھریاں پڑگئی ہوں تو ممکن ہے کیوآرکوڈ کو ٹھیک طرح سے اسکین نہ کیا جا سکے۔ کاغذی نقل کو کیوآرکوڈ پر تہہ نہ کریں۔
- البرٹنز، بشمول 12 سال اور اس سے زائد عمر کے بچوں کو، حفاظتی ٹیکوں کے کسی بھی ٹیکے کا ماہ اور سال، البرٹا کا پرسنل ہیلتھ نمبر اور تاریخ پیدائش داخل کرنے کی ضرورت ہوگی تاکہ ان کے ویکسینیشن کے ثبوت تک کیوآرکوڈ کے ذریعے اس ویب سائٹ alberta.ca/CovidRecords کے ذریعے رسائی حاصل کی جا سکے۔
- کوئی بھی فرد جس کے پاس اپنے حفاظتی ٹیکوں کے ریکارڈ میں گمشدہ یا غلط معلومات ہیں یا اس تک رسائی حاصل کرنے میں مشکلات ہیں وہ alberta.ca/CovidRecordsHelp پر جا سکتا ہے۔
- وہ کاروبار جنہیں ایپ کے ساتھ مشکلات درپیش ہیں وہ 1-888-527-1224 پر سپورٹ لائن سے رابطہ کر سکتے ہیں یا مندرجہ ذیل ایڈریس covid19record@gov.ab.ca پر ای میل بھیج سکتے ہیں۔